© rasailojaraid.com

مقالات شائع کیے گئے ہیں۔ فہرست ملاحظہ ہو:

۱۔ قومی زبان کے بارے میں چند انٹرویو (حصہ اوّل) ۲۔ قطر میں اُردو
۳۔ مجلس زبان دفتری پنجاب ۴۔ ہند سے اور ان کی تاریخ۔
۵۔ پاکستان میں نفاذِ اُردو کی داستان ۶۔ مغربی ممالک میں ترجمے کے قومی اور عالمی مراکز ۷۔ قومی زبان اور دیگر پاکستانی زبانیں۔ ۸۔ مقتدرہ قومی زبان اور آئندہ منصوبے۔

یہ سارے مقالات اصحابِ علم و مطالعہ کے لکھے ہوئے ہیں۔ اور پمفلٹوں کی صورت میں سامنے ہیں۔ اس قسم کے اور بھی بہت سے پمفلٹ شائع کیے جا چکے ہیں۔ ان کو پڑھ کر معلومات بھی ملتی ہیں اور فکر میں حرکت بھی آتی ہے۔

ہماری الجھن صرف ایک ہے ـــ یہ کہ جس طرح نفاذِ اسلام کی تحریک کا راستہ لادینیت روکتی ہے۔ اسی طرح نفاذِ اُردو کے لیے ہزار کارنامے انجام پاتے رہیں، ابھی انگریزی اس کی گردن پر سوار ہے۔ اور اس کی رگِ جان کو چٹکی میں لیے ہوتے ہے۔ آقاؤں اور عامیوں کے اسکول اور ذریعہ تعلیم الگ الگ ہیں۔ ع

کچھ علاج اس کا بھی اے چارہ گراں ہے کہ نہیں!

---

**منارۂ اسلام** از: رانا محمد رفیق ایم اے ایل ایل بی۔ ناشر: پاکستان اکیڈیمی اردو بی سنٹر، تالپور روڈ، کراچی۔ قیمت ۲۵/- روپے

یہ کتاب ہے تو مختصر مگر مضامین کے تنوع کو دیکھیں تو حیران کن ہے۔ رانا صاحب نے غالباً اس جذبے سے لکھی ہے کہ پڑھنے والے کو وہ ایک نظر میں اسلام کی سیر کرا دیں۔ پہلے حضورؐ کی سیرت اور سنّت کا بیان ہے، پھر قرآن کے مکمل ضابطۂ حیات ہونے پر اظہارِ خیال، پھر سابق الہامی کتابوں پر ایک نظر، پھر قرآن کا معاشی نظام، پھر اسلامی سیاسی نظام، پھر اخلاقی نظام، عائلی نظام، قانونی نظام، تعزیراتی نظام، پھر قرآنِ پاک کی صفات، قرآنِ مجید کی اہمیت، اعجازِ قرآن اور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

قرآن مجید اعتبار کی نظر میں، پھر اسلام اور نظریہ پاکستان اور نظریۂ توارث ۔سوا دو سو صفحات کے کوزے میں مباحث کا اتنا سمندر انڈیل دینا تحیر انگیز ہے ۔

---

## ( ایک مدت سے جمع ہونے والے پمفلٹوں وغیرہ کا اجمالی تذکرہ )

**الحمد** | جیبی سائز میں مظفر وارثی کے دلکش حمدیہ کلام کا انتخاب ۔ ناشر: فاروقی کمپوسٹ فرٹیلائزر کارپوریشن لمیٹڈ ۔ نیو کراچی ۔

**ایمان کے تقاضے** | از عبدالمجید بلوچ، کوٹلہ لودھیاں، ڈیرہ اسماعیل خاں ۔ ۸ صفحات قیمت درج نہیں ۔

**ادارۂ خیر و فلاح کے پمفلٹ** | چند دردمند نوجوانوں نے یہ ادارہ افکار اسلامی کی اشاعت کے لیے بنایا ہے اور بلا تعصب ہر دائرہ کے لکھنے والوں کی تعمیری تحریریں پمفلٹوں میں شائع کر رہے ہیں ۔ اس وقت چھ پمفلٹ سامنے ہیں ۔(۱) ایمان اور اطاعت (۲) فریضۂ بندگی (۳) الصلوٰۃ ۔ (۴) روزہ ۔ (۵) مسلمانوں کا زوال کیوں ؟ ۔ (۶) یہ شہادت گہ الفت میں قدم رکھنا ہے ۔ مفت تقسیم ۔ پتہ: بلاک نمبر ۱۳ ۔ فیڈرل بی ایریا کراچی ۔

**اسلامیہ دینی لائبریری سیالکوٹ کے پمفلٹ** | یہ ادارہ بھی تبلیغی اغراض سے پمفلٹ شائع کرتا ہے ۔ موصولہ پمفلٹ: (۱) عظمتِ مصطفےٰؐ ۔ (۲) یوم آزادی کا تحفہ ۔ (۳) دردمندانہ گذارش ۔ (۴) اسلامِ خالص کیا ہے ؟ ۔ (۵) شریعتِ اسلامیہ پاکستان میں ۔ (۶) نماز اور روزہ ۔ مسجد ضلع کچہری سیالکوٹ کا پتہ استعمال کریں (مفت تقسیم)

**غازی عبدالصمد سراج الدین کے پمفلٹ** | پتہ: رحمٰن بلڈنگ، سولجر بازار کراچی ۳ موصولہ پمفلٹ: (۱) ہمارا نصب العین غلبۂ اسلام ۔ (۲) اسلام کا سپاہیانہ نظام ۔ (۳) علامہ المشرقی اور خاکسار تحریک ۔ خاکساری طرزِ فکر اور خاکساری اسلوب بیان ۔

**اسلامی مشن کے پمفلٹ** | اسلامی مشن سنت نگر لاہور کے موصولہ پمفلٹ حسب ذیل ہیں (۱) بے مثل نبیؐ

© rasailojaraid.com